**16.11.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
Music
.................................

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اُن کی سرکار کا مقصد ووٹ بینک کی سیاست سے ہٹ کر بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانا ہے۔

☆ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی چناؤ کیلئے **NDA** اور **INDI** بلاک کے سرکردہ رہنما انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔

☆ آج ملک بھر میں پریس کا قومی دن منایا جارہا ہے۔

☆ دِلی-این سی آر میں ہوا کا معیار سنگین زمرے میں چلا گیا ہے۔ اگلے دو دن تک رات اور صبح کے وقت **Shallow Fog** کا سلسلہ جاری رہے گا۔

☆ بہار میں جاری خواتین کی ایشیا ہاکی چمپئن شپ میں آج شام بھارت کا مقابلہ چین سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

PM Summit

وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت سوشل میڈیا کے اس دور میں مضبوط اور پُر عزم ہے ، جہاں غلط معلومات اور بے بنیاد باتوں کا چلن ہے۔ ایک پرائیویٹ میڈیا ادارے کے ذریعہ منعقدہ لیڈر شپ سمٹ میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اجاگرکیا کہ ان کی سرکار ووٹ بینک کی سیاست سے دور رہتی ہے اورعوام کے ذریعہ عوام کے لئے ترقی کے منتر کے ساتھ کام کررہی ہے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت کا مقصد بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانا ہے اور لوگوں نے سرکار پراپنا اعتماد ظاہر کیا ہے۔ دہشت گردی کے معاملے پر بات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ وقت بدل گیا ہے اور اب دہشت گرد ہی ہیں جو اپنے ہی گھروں میں خود کو غیرمحفوظ محسوس کررہے ہیں۔ جناب مودی نے مزید اجاگرکیا کہ 2014میں ملک کا مرکزی
بجٹ تقریباً سولہ لاکھ کروڑروپے تھا جو آج بڑھ کر 48 لاکھ کروڑروپے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سرمایہ خرچ اب گیارہ لاکھ کروڑروپے سے تجاوز کرگیا ہے۔ نئے اسکولوں ، تحقیقی سہولتی اداروں اور ریل کے شعبے کے لئے فنڈز مختص کئے جارہے ہیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ ایل پی جی گیس کنکشن بہت سے لوگوں کے لئے ایک دور کا خواب تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے ہر گھر میں گیس کنکشن فراہم کرنے کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2014 میں پورے ملک میں 14 کروڑ گیس کنکشن تھے، جو آج 30 کروڑسے زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت

کے اقدام نے نہ صرف صفائی ستھرائی کو بہتر بنایا ہے بلکہ معیشت کو بھی فروغ دیا ہے اور بہت سے لوگوں کے لئے روز گار کے مواقع فراہم کئے ہیں۔ جناب مودی نے اس بات کی بھی نشاندہی کی کہ آزادی کے بعد
حکومتوں نے لوگوں میں خطرات مول لینے کے لئے درکار توانائی پیدا نہیں کی۔ پچھلے دس برس میں نوجوانوں میں خطرہ مول لینے کی مضبوط صلاحیت پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں اب ایک لاکھ 25 ہزار سے زیادہ رجسٹرڈ اسٹارٹ اپس ہیں اور نوجوان ملک کی شان بڑھانے کے لئے بے تاب ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت میں آج کم سے کم دس کروڑ لکھ پتی دیدی ہیں۔
وزیراعظم نریندرمودی نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ حکومت عوام کی ترقی کے منتر کے ساتھ کام کررہی ہے اور لوگوں نے ثابت کر دیا ہے کہ جب عوام اپنی سرکار پر بھروسہ کرتے ہیں تو ترقی پر اس کا گہرا اثر پڑتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ حکومت ترقی کا ایسا ماڈل اپنا رہی ہے، جہاں سرمایہ کاری، روزگار اور ترقی کو آگے بڑھاتی ہے اور بالآخر ملک کے شہریوں کے وقار میں اضافہ کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیریقینی کی صورتحال نے جموں وکشمیر کو سات دہائیوں تک تشدد کی لپیٹ میں رکھا، لیکن معاملہ آج اس کے برعکس ہے۔ ملک بھر کے اخبارات، خطے میں ریکارڈ توڑ ووٹنگ کی خبریں دے رہے ہیں۔ بوڈو ثقافتی فیسٹول کا ذکرکرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بوڈو امن معاہدے سے لوگوں کی زندگی بدل گئی ہے۔ ××

PM-Three Nation Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے 5 روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ روانہ ہونے سے پہلے وزیراعظم نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ یہ نائیجیریا کا اُن کا پہلا دورہ ہوگا، جو کہ مغربی افریقی خطے میں بھارت کا قریبی ساتھی ہے۔
تین ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیراعظم، نائیجیریا کے صدر بولا احمد Tinubu کی دعوت پر، نائیجیریا کا دورہ کریں گے۔ پچھلے 17 سال میں، بھارت کے کسی وزیراعظم کا، نائیجیریا کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اس ملک کے اپنے دو روزہ قیام میں وزیراعظم، دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی شراکت داری کا جائزہ لینے کیلئے، اعلیٰ ترین رہنماؤں سے بات چیت کریں گے اور دو طرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے مزید موقعوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔×

Campaigning

مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زوروشور سے جاری ہے۔
وزیراعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر میں Mahayuti سرکار کی کوششوں کی ستائش کی ہے، جو معاشرے کے ہر طبقے کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔ اُنہوں نے یہ بات 'میرا بوتھ سب سے مضبوط' پروگرام کے تحت مہاراشٹر میں BJP کارکنوں سے ورچوئل طریقے پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ مہاراشٹر کے عوام مہایوتی سرکار کے ڈھائی سالہ دورِ حکومت سے بے حد مطمئن ہیں۔
جناب مودی کے علاوہ BJP کے کئی رہنما بھی ریاست میں بہت سے چناؤ جلسوں سے خطاب کریں گے۔
کانگریس رہنما راہل گاندھی 2 اور پرینکا گاندھی 3 جلسوں سے خطاب کریں گی۔ NCP کے سربراہ اجیت پوار شولاپور، پونے اور ناسک میں انتخابی مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔
اُدھر جھارکھنڈ میں NDA اور I.N.D.I.A بلاک کے سرکردہ سیاسی رہنما پارٹی امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی

غرض سے جلسے جلوسوں میں مصروف ہیں۔
جامتاڑا میں ایک چناؤ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے اعلیٰ رہنما اور اسمبلی چناؤ کے مشترکہ انچارج ہیمنت بسوا سرما نے ہیمنت سورین پر جھوٹے وعدے کرنے کا الزام لگایا۔ جناب سرما نے کہاکہ ہیمنت سورین سرکار کو بے دخل کرنے کا چناؤ ایک صحیح موقع ہے۔
دوسری طرف جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے اعلیٰ رہنما اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین نے BJP پر سرکار کو دھمکیاں دینے کا الزام لگایا۔ جناب سورین نے مرکز پر ریاست میں جاری انتخابی مہم کے دوران انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور CBI کو سرگرم کرنے کا بھی الزام لگایا۔
BJP کے اعلیٰ رہنما اور مرکزی وزیر امت شاہ کا دُمکا، دیوگھر اور Dhanwar میں جلسوں سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔
کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے جامتاڑا اور Khijri میں عام جلسوں سے خطاب کریں گے۔
RJD لیڈر تیجسوی یادو Godda میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔
فلمی دنیا سے سیاست میں آنے والے متھن چکرورتی کا دُمکا اور جامتاڑا میں جلسوں سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔
مہاراشٹر میں ایک ہی مرحلے میں اِس مہینے کی 20 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے، جبکہ اسی دن جھارکھنڈ میں اسمبلی چناؤ کیلئے دوسرے مرحلے میں ووٹنگ ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی اِس مہینے کی 23 تاریخ کو کی جائے گی۔
اِسی دوران جھارکھنڈ میں Littipara اسمبلی حلقے سے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سبکدوش ہونے والے اسمبلی ممبر دنیش مرانڈی BJP میں شامل ہوگئے ہیں۔ BJP میں شامل ہونے کے بعد اُنہوں نے کہا کہ ہیمنت سورین کی زیر قیادت سرکار ریاست میں بنگلہ دیش کے دراندازوں کو تحفظ فراہم کررہی ہے۔ جناب مرانڈی BJP کے چناؤ انچارج شیوراج چوہان کی موجودگی میں پارٹی میں شامل ہوئے۔×

National Press Day

آج پورے ملک میں پریس کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن سماج میں ایک آزادانہ اور ذمہ دار پریس کے لازمی رول کی عزت افزائی کے لیے منایا جاتا ہے۔
1966 میں آج ہی کے دن پریس کونسل آف انڈیا نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ پریس کا اعلیٰ معیار برقرار رہے اور وہ کسی بھی طرح کے بے جا دباؤ میں نہ آئے ایک اخلاقی نگراں کے طور پر اپنا کام شروع کیا تھا۔
اس دن نہ صرف پریس کی حصولیابیوں کا جشن منایا جاتا ہے بلکہ ایک زیادہ باخبر اور شفاف سماج کی تعمیر کے تیئں اس کی ذمہ داری کا احساس بھی پیدا کیا جاتا ہے۔ اس دن کے اعتراف میں مختلف سرگرمیاں جیسے صحافت میں عمدہ کارکردگی کے لیے قومی ایوارڈ اور Souvenir کا اجرا جیسے پروگرام شامل ہیں۔
اس سال کے پریس کے قومی دن کے موقع پر اطلاعات ونشریات کے مرزی وزیر اشونی ویشنو نئی دلی میں ایک تقریب سے خطاب کریں گے۔×

Birla Audit Diwas

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل آف انڈیا CAG بڑی شفافیت کے ساتھ کام کررہا ہے اور اس کی ساکھ اور صداقت کو اب عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔ آج نئی دلی میں چوتھے آڈٹ دیوس کے

موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ انہوں نے بھارت کے آڈیٹنگ نظام کا مطالعہ کرنے کے لئے مختلف ممالک کے لوگوں کو بھارت آتے دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ بھارتی نظام سے سیکھتے ہیں اور اسے اپنے ممالک میں اپنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ آڈٹ دیوس ہرسال 16 نومبر کو کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل آف انڈیا CAG کے قیام اور بہتر حکمرانی، شفافیت اورجوابدہی کے تئیں اس ادارے کے تعاون کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ ××

Delhi Pollution

دِلی-این سی آر میں ہوا کا معیار سنگین زمرے میں چلا گیا ہے۔ اگلے دو دن تک رات اور صبح کے وقت Shallow Fog کا سلسلہ جاری رہے گا۔

دلی اور قومی راجدھانی خطے میں آج صبح سات بجے ہوا کے معیار کا اشاریہ سنگین زمرے میں پہنچ گیا ہے اور 404 درج کیا گیا۔

آلودگی پر قابو پانے کے مرکزی بورڈ، CPCB کے مطابق دلی کے بوانا اسٹیشن میں ہوا کا اشاریہ، AQI، 438 درج کیا گیا۔

وہیں آنندوہار میں 436، علی پور میں 433، اشوک وہار میں 438، روہنی میں 426 اور پنجابی باغ میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 425 ریکارڈ کیا گیا۔

بھارتی محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو دن کے دوران صبح اور رات کے اوقات میں دلی اور قومی راجدھانی خطے میں دھند چھائی رہے گی۔x

Prez & PM UP Fire

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے اترپردیش میں جھانسی میڈیکل کالج میں آگ لگنے کے واقعے میں معصوم بچوں کی المناک موت پر گہرے صدمے اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے سوگوار والدین اور کنبوں کیلئے دعا کی کہ وہ اِس صدمے کو برداشت کرسکیں۔ صدر جمہوریہ نے زخمی بچوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

وزیراعظم نریندر مودی نے آتشزنی کے واقعے میں مرنے والوں کے لواحقین کو وزیراعظم قومی امدادی فنڈ سے 2-2 لاکھ روپے کی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہاکہ اِس مشکل گھڑی میں وہ سوگوار کنبوں کے ساتھ ہیں۔ وزیراعظم نے یقین دلایا کہ اترپردیش سرکار کی زیرنگرانی مقامی انتظامیہ بچاؤ اور امدادی کاموں میں ہرممکن مدد دے رہا ہے۔×

UP Bijnor Accident

آج صبح اترپردیش کے بجنور شہر میں ایک المناک حادثے میں سات افراد ہلاک ہوگئے، جن میں چھ ایک ہی کنبے کے لوگ تھے۔ یہ حادثہ دہرادون-نینی تال قومی شاہراہ پر دھامپور کے علاقے میں اُس وقت پیش آیا، جب ایک تیز رفتار کار تپہیہ گاڑی سے ٹکرا گئی۔

بجنور ضلع کے سپرنٹنڈنٹ پولیس ابھیشیک جھا نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ کہ جس وقت کار تپہیہ گاڑی سے ٹکرائی، اُس میں سوار ایک ہی کنبے کے چھ افراد مرادآباد سے اپنے آبائی قصبے Tibari جارہے تھے۔

کار کے ڈرائیور اور ایک دوسرے زخمی شخص کو اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔
وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اِس حادثے پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے اور حکام سے کہا ہے کہ زخمیوں کی ہرممکن مدد کی جائے۔×

Hockey
ہاکی میں خواتین کی ایشین چمپئن شپ ٹرافی میں آج شام بہار میں بھارت کا مقابلہ چین سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام پونے پانچ بجے شروع ہوگا۔
دیگر میچوں میں آج ملیشیا کا مقابلہ جاپان سے اور جنوبی کوریا کا مقابلہ تھائی لینڈ سے ہوگا۔×

Squash
کوالالمپور میں بھارت کے ابھے سنگھ اسکواش کے **ACE** ملیشیا کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اُنہوں نے کل شام کوارٹر فائنل میں اپنے ہم وطن **Velavan Senthilkumar** کو تین-ایک سے ہرایا۔ آج سیمی فائنل میں اُن کا مقابلہ ملیشیا کے **Eain Yow Ng** سے ہوگا۔ اِسی دوران بھارت کے ایک اور کھلاڑی اعلیٰ درجے کے یوسف سلیمان سے ایک-تین سے ہار گئے۔×

Chhattis Gadh
چھتیس گڑھ میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں کم سے کم پانچ ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔ **BSF** ، خصوصی ٹاسک فورس **STF** اور ضلعی ریزرو گارڈ **DRG** کی ایک مشترکہ ٹیم نارائن پور ضلع کے شمالی **Aboojhmaad** علاقے میں ماؤ نوازوں کی موجودگی کے بارے میں خصوصی اطلاع ملنے کے بعد تلاش کی کارروائی انجام دے رہی تھی۔ تبھی یہ جھڑپ شروع ہوئی، جس کے نتیجے میں پانچ ماؤ نواز ہلاک ہوئے۔ سکیورٹی فورسز نے مارے گئے ماؤ نوازوں کی لاشیں برآمد کی ہیں۔ اس کے علاوہ جائے وقوع سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولی بارود برآمد کیا گیا ہے۔ دو سکیورٹی اہلکار بھی زخمی ہوئے ہیں۔ علاقے میں تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔××

☆☆☆